© rasailojaraid.com



ان واضح اعلانات و مواعید کے بعد حکومت کے لیے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے کہ وہ قرآن و سنت کی بالادستی کی آئینی ترمیم پارلیمنٹ سے منظور کرانے کے لیے سنجیدگی کے ساتھ پیش رفت کرے تاکہ اسلامائزیشن کے بارے میں اس کی پالیسیوں کے حوالہ سے پائے جانے والے شکوک و شبہات کا خاتمہ ہو سکے۔

## آہ! مولانا حافظ عبدالرحمٰن قاسمی رح

پیر طریقت حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندی قدس اللہ سرہ العزیز کے جانشین اور دارالعلوم حنفیہ چکوال کے مہتمم مولانا حافظ عبدالرحمٰن قاسمی گذشتہ دنوں اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

ان کی عمر چالیس سال تھی اور حال ہی میں حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن واپس لوٹے تھے مدینہ منورہ میں بھی انہیں دل کا دورہ پڑا لیکن طبیعت سنبھل گئی اور وطن واپسی کے چند روز بعد ہی وہ جہانِ فانی سے کوچ کر گئے۔

مولانا قاسمی مرحوم بے باک مقرر، انتھک سیاسی راہنما اور حق گو عالمِ دین تھے انہوں نے جمعیۃ علماء اسلام کے پلیٹ فارم پر تحریک ختم نبوت، تحریکِ نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور تحریک نفاذِ شریعت میں سرگرم کردار ادا کیا اور سماجی میدان میں بھی اپنے شہر اور علاقہ کے عوام کی مسلسل اور بے لوث خدمت کی اللہ تعالیٰ انکی دینی و قومی خدمات کو قبولیت سے نوازیں سیئات سے درگزر فرمائیں، جنّت الفردوس میں اعلیٰ مقام پر سرفراز کریں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں آمین۔

## میاں اقبال حسین رح کا وحشیانہ قتل

جھنگ میں سپاہ صحابہؓ کے صوبائی امیدوار میاں اقبال حسین رح کو گذشتہ روز وحشیانہ طریقہ سے قتل کر دیا گیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ جھنگ میں جاگیردارانہ سیاست کے تحفظ کیلئے قتل و غارت کا جو بازار گرم ہے اسے کنٹرول کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے ہم اس صدمہ میں میاں اقبال حسین شہید کے اہل خاندان اور سپاہ صحابہؓ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعاگو ہیں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com